# میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# نئی دہلی۔23 نومبر 2017

# جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار صدارتی ایوارڈ سے سرفراز

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے رجسٹرار اور انڈین پولیس سروس (آئی پی ایس) کے سینئر افسر اے پی صدیقی کو صدارتی طمغہ سے نوازا گیا، اس اعزاز کا اعلان 68 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا گیا تھا۔ 1991ء بیچ کے آئی پی ایس افسر مسٹر صدیقی کو ان کی نمایاں خدمات کے عوض اس اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ یہ اعزاز انھیں صدر جمہوریہ ہند پرنب مکھر جی کے ہاتھوں تفویض کیا گیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے اے پی صدیقی کو مبارکباد پیش کیا اور کہا کہ یہ ہم سب کے لئے فخر کی بات ہے کہ ہمارے ایک افسر کو اعزاز سے نوازا گیا، انھوں نے کہا کہ ایسی شخصیت کی جامعہ میں موجودگی بذات خود افتخار کی بات ہے۔

مسٹر صدیقی 1987ء سے 91ء تک جودھپور اور جبل پور یونیورسٹی میں محکمہ قانون میں استاد رہ چکے ہیں۔ رجسٹرار بننے سے پہلے وہ ہماچل پردیش کی راجدھانی شملہ میں پولیس ہیڈ کوارٹر میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر جنرل آف پولیس تھے۔ وہ ہماچل پردیش میں ڈائریکٹر جنرل (آئی جی) کے عہدے کے بھی افسر رہ چکے ہیں۔

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایل ایل بی اور ایل ایل ایم کرنے والے مسٹر صدیقی کو 1983ء میں بی ایس سی میں گولڈ میڈل ملا تھا۔ وہ کوسوو میں اقوام متحدہ کے امن مشن میں بھی اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اس کے علاوہ دہلی میں نارکوٹکس بیورو میں بھی انہوں نے کام کیا ہے۔

جاری کردہ

پروفیسر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر